1017

نو 95

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

# بہارِ عقیدت



تضمین
سلام اعلیحضرت
رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: مکتبہ رضائے مصطفیٰ۔ چوک دار السلام گوجرانوالہ

Marfat.com

# تقریظ

## حضرت مولانا علامہ الحاج ابو داؤد محمد صادق صاحب خطیب زینۃ المساجد گوجرانوالہ

58753

سرکار اعلیٰحضرت کا تو کہنا ہی کیا وہ تو ہیں ہی اعلیٰحضرت (رحمۃ اللہ علیہ) لیکن آپکے سلام پر سیّد محترم حضرت اختر الحامدی کی تضمین دیکھ کر یہ اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ آپ پر بھی خالق لایزال کا خاص فضل و کرم ہے۔ یہ شرف سیادت عشق و محبت مصطفوی کی دولت یہ قبولیت علم و فضل اور مہارت فن ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست      تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اعلیٰحضرت مجدد دین وملت قدس سرہٗ کے اس قدر بلند دقیق اور طویل سلام پر تضمین "اختر الحامدی" ہی کا حصہ ہے اور بلاشبہ آپ کی یہ تضمین ایمان و عرفان عشق و محبت اور علم و فن کے لحاظ سے ایک تاریخی کارنامہ ہے۔ دعا ہے کہ حضرت اختر جس حبیب کی نعت خوانی میں رطب اللسان ہیں مولیٰ تعالیٰ اپنے اسی حبیب (علیہ التحیۃ والتسلیم) کے وسیلہ جلیلہ سے اختر صاحب کو ایمان و خلوص و عمل میں بیش از بیش برکت عطا فرمائے۔

میری نظر میں اپنے ایمان کی حفاظت و تازگی اور عشق و محبت مصطفوی کی زیادتی کیلئے "بہار عقیدت" کو حرز جان بنانا اور مستقل طور پر بطور وظیفہ پڑھنا چاہیئے۔ سرور عالم نور مجسّم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر شیون و صفات کے علاوہ سر اقدس سے لے کر پائے مبارک تک صاحب سلام (اعلیٰحضرت و صاحب تضمین (اختر الحامدی) نے جس پر کیف وجد آور انداز میں آپ کا حلیہ مبارکہ بیان فرمایا ہے اگر معانی ملحوظ رکھ کر اس کو باقاعدگی سے پڑھا جائے تو مجھے یقین ہے کہ بارگاہ خداوندی و بارگاہ رسالت سے خصوصی فیضان ہوگا۔ آخر میں بطور نمونہ تضمین کا صرف ایک بند نقل کرتا ہوں اس کو پڑھ کر باقی تضمین کے متعلق خود اندازہ کر لیجئے۔ فرماتے ہیں :- ؎

فرق مطلوب و طالب میں دیکھے کوئی      قصۂ طور و معراج سمجھے کوئی

کوئی بیہوش جلوؤں میں گم ہے کوئی      کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی

آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

1017

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علٰی رسولہ الکریم و علٰی اٰلہ و اصحابہ افضل الصلوٰۃ و اکمل التسلیم

★

اختر برجِ رفعت پہ لاکھوں سلام
آفتابِ رسالت پہ لاکھوں سلام
مجتبیٰ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام
مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

ضو فشاں رخ کی طلعت پہ روشن درود
مشعلِ بزمِ وحدت پہ روشن درود
ماہتابِ حقیقت پہ روشن درود
مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن درود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

جس کی عظمت پہ صدقے وقارِ حرم
جس کی زلفوں پہ قرباں بہارِ حرم
نوشۂ بزم پروردگارِ حرم
شہریارِ ارم تاجدارِ حرم
نوبہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

رُخِ والشمس وطٰہٰ پہ دائم درود
حسنِ روئے تجلی پہ دائم درود
تاجدارِ تدلّٰی پہ دائم درود
شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

اوجِ تاجِ شفاعت پہ عرشی درود — شاہِ تختِ رسالت پہ عرشی درود
عرش والے کی رفعت پہ عرشی درود — عرش کی زیب و زینت پہ عرشی درود
فرش کی طیب و نزہت پہ لاکھوں سلام

لو ہوا عرش سے رحمتوں کا ورود — دو جہاں با ادب خم ہیں بہرِ سجود
آگیا وہ، کہ نعمت ہے جس کا وجود — نورِ عینِ لطافت پہ الطف درود
زیب و زینِ نظافت پہ لاکھوں سلام

جھک گیا جس کے آگے ادب سے حرم — رفعتِ لامکاں جس کے زیرِ قدم
کر گئے نصب جو شش جہت میں علم — سروِ نازِ قدم مغزِ رازِ حکم
یکہ تازِ فضیلت پہ لاکھوں سلام

آفتابِ دنیٰ پر چمکتا درود — نو برِ مُطّلب پہ مہکتا درود
گوہرِ آمنہ پر دمکتا درود — نقطۂ سرِّ وحدت پہ یکتا درود
مرکزِ دورِ کثرت پہ لاکھوں سلام

جس کے قدموں پہ سجدہ کریں جانور — منہ سے بولیں شجر، دیں گواہی حجر
وہ ہیں محبوبِ ربِ مالکِ بحر و بر — صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

کتنی ارفع ہے شانِ حبیبِ خدا — مالکِ دوسرا، سرورِ انبیاء
مقتدی جس کے سب، سب کا جو مقتدا — جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا
اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جس کا فرمان فرمانِ جاں آفریں — پاک قانون جس کا کتابِ مبیں
وہ، جو ہے مظہرِ احکم الحاکمین — عرش تا فرش ہے جس کے زیرِ نگیں

اس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

کیوں نہ بے ساختہ لب پہ آئے درود — اٹھ گیا آنکھ سے پردۂ ہست و بود
آ گیا مظہرِ ذاتِ ربِّ ودود — اصلِ ہر بود و بہبود تخمِ وجود

قاسمِ کنزِ نعمت پہ لاکھوں سلام

صدرِ بزمِ امارت پہ بے حد درود — میرِ جیشِ ریاست پہ بے حد درود
شرحِ صدرِ صدارت پہ بے حد درود — فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد درود

ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

روزِ اظہارِ قدرت پہ نوری درود — صبحِ گلزارِ قدرت پہ نوری درود
مہرِ ضو بارِ قدرت پہ نوری درود — شرقِ انوارِ قدرت پہ نوری درود

فتقِ اظہارِ قدرت پہ لاکھوں سلام

یہ سراپا حسیں رب ہے مطلق جمیل — اب نہیں اس میں گنجائشِ قال و قیل
یہ بھی اِک ایک ہے جیسے رب بے دلیل — بے سہیم و قسیم و عدیل و مثیل

جوہرِ فردِ عزت پہ لاکھوں سلام

واقفِ رازِ قدرت پہ غیبی درود — قلزمِ علم و حکمت پہ غیبی درود
بحرِ اسرارِ وحدت پہ غیبی درود — سرِّ غیبِ ہدایت پہ غیبی درود

عطرِ جیبِ نہایت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

تاجدارِ شفاعت پہ لاکھوں درود
شہریارِ وجاہت پہ لاکھوں درود
مہرِ جبروتِ قربت پہ لاکھوں درود
ماہِ لاہوتِ خلوت پہ لاکھوں درود
شاہِ ناسوتِ جلوت پہ لاکھوں سلام

روز و شب سرورِ انبیاء پر درود
ہر گھڑی ہر نفس مصطفیٰ پر درود
گنجِ ہر زاہد و پارسا پر درود
کنزِ ہر بے کس و بے نوا پر درود
حرزِ ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام

مہرِ تاباں ازل تا ابد پر درود
بدرِ ضوبارِ بدر و اُحد پر درود
جلوۂ عینِ ربِّ صمد پر درود
پرتوِ رسمِ ذاتِ اَحد پر درود
نسخۂ جامعیت پہ لاکھوں سلام

منبعِ ہر شرافت پہ ارشد درود
مجمعِ ہر جماعت پہ امجد درود
مرجعِ ہر کرامت پہ بے حد درود
مطلعِ ہر سعادت پہ اسعد درود
مقطعِ ہر سعادت پہ لاکھوں سلام

جو ہیں غمخوارِ شاہ و گدا ہر نفس
جن کے جلووں سے معدوم حرص و ہوس
ساری دنیا ہے جن کی نمک خوار بس
خلق کے دادرس سب کے فریاد رس
کہفِ روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے بیجاں کی طاقت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بے کل کی راحت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بے گھر کی جنت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بیکس کی دولت پہ لاکھوں درود
مجھ سے بے بس کی قوت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

خسروِ بزمِ قوسین و عرش و دنیٰ　　درّۃ التاج سلطانیٔ ھل اتیٰ
نورِ شمس الضحیٰ ظلِّ بدر الدجیٰ　　شمعِ بزمِ دنیٰ ہو میں گم کُن انا
شرحِ متنِ ہویت پہ لاکھوں سلام

رازدارِ امورِ خفی و جلی　　شافعِ ہر گنہگار و ہر متقی
اولیں نورِ رب خاتمِ ہر نبی　　انتہائے دنیٰ ابتدائے یکی
جمع تفریق و کثرت پہ لاکھوں سلام

راحتِ بعدِ کلفت پہ اکثر درود　　رحمتِ بعدِ زحمت پہ اکثر درود
طلعتِ بعدِ ظلمت پہ اکثر درود　　کثرتِ بعدِ قلت پہ اکثر درود
عزّتِ بعدِ ذلت پہ لاکھوں سلام

بے قراروں کی راحت پہ اعلیٰ درود　　غمزدوں کی مسرّت پہ اعلیٰ درود
لی مع اللہ شباہت پہ اعلیٰ درود　　ربِّ اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود
حق تعالےٰ کی منّت پہ لاکھوں سلام

رہبرِ دین و دنیا پہ بے حد درود　　شافعِ روزِ عقبیٰ پہ بے حد درود
ہم ضعیفوں کے ملجا پہ بیحد درود　　ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

اصلِ عرفانِ مومن پہ بے حد درود　　عزّت و شانِ مومن پہ بے حد درود
جانِ ایمانِ مومن پہ بے حد درود　　فرحتِ جانِ مومن پہ بے حد درود
غیظِ قلبِ ضلالت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

شرحِ ایجادِ کن مقصدِ روز و شب — باعثِ زندگی ۔ وجہِ کیف و طرب
اصلِ تخلیقِ کل ۔ عینِ مقصودِ رب — سببِ ہر سبب منتہائے طلب
علّتِ جملہ عِلّت پہ لاکھوں سلام

عطرِ رحمت پہ دائم معطّر درود — ظلِّ ذاتِ مطہّر پہ اطہر درود
عینِ نورِ احد پہ منوّر درود — مصدرِ مظہریّت پہ اظہر درود
مظہرِ مصدریت پہ لاکھوں سلام

ہے چمن پر توانائی کلیاں کھلیں — زندگی تازگی پائی کلیاں کھلیں
خشک شاخوں میں جاں آئی کلیاں کھلیں — جسکے جلوے سے مرجھائی کلیاں کھلیں
اس گلِ پاک منبت پہ لاکھوں سلام

سایۂ حق کے ہمسایۂ مرحمت — گنجِ رحمت کے سرمایۂ مرحمت
شرحِ نورانیٔ آیۂ مرحمت — قدِ بے سایہ کے سایۂ مرحمت
ظلِّ ممدود رافت پہ لاکھوں سلام

جس پہ قرباں ہیں طوبیٰ کی رعنائیاں — حسنِ موزونیت کی فدا جس پہ جاں
جس کا روح الامیں بلبلِ مدح خواں — طائرانِ قدس جس کی ہیں قمریاں
اس سہی سروِ قامت پہ لاکھوں سلام

جس کی توصیف والنّجم طٰہٰ صفا — جس کی تفسیر والشمس اور والضحیٰ
جس کی تعریف مطلق جمالِ خدا — وصف جس کا ہے آئینۂ حق نما
اس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

نعتیں بہرِ سجدہ جہاں خم رہیں — روز و شب کعبہ و لامکاں خم رہیں
بہرِ آداب کرّوبیاں خم رہیں — جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں

اس سرِ تاجِ رفعت پہ لاکھوں سلام

شامِ فردوس کی نورِ واللیل کا — پرتوِ مرحمت رحمتِ کبریا
وہ سحابِ عطا ظلِّ لطفِ خدا — وہ کرم کی گھٹا گیسوئے مشک سا

لکّۂ ابرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

منہ اندھیرے ضیائے سحر کی رمق — صبح کے خط سے یا پردۂ شب ہے شق
چرخِ واللیل پہ والضحیٰ کی شفق — لیلۃ القدر میں مطلعِ الفجرِ حق

مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام

بوند جو بھی گری زلفِ نمناک سے — کردیئے اس نے پیدا گہر خاک سے
ہیں عیاں رحمتیں گیسوئے پاک سے — لختِ لختِ دل ہر جگر چاک سے

شانہ کرنے کی عادت پہ لاکھوں سلام

وصفِ گوشِ نبی اور میں کج مج زباں — ہے[1] سجودِ القمر اسمع جن کی شان
جن پہ قربان حسنِ سماعت کی جان — دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان

کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

---

[1] قَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَقَدْ کُنْتُ اَسْمَعُ سُجُوْدَ الْقَمَرِ اِمَامَ اَمْرِیْ کُنْتُ دَا! فِیْ ظُلْمَۃِ الْاَحْشَاءِ ۔ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک میں چاند کے سجدے کی آواز عرش کے ادبرد سنتا تھا۔ اس وقت۔ جب کہ میں شکمِ مادر میں تھا۔
(نزہۃ المجالس ص۱۵۸ ج ۲)

نور کے تڑکے پہلی کرن کا جمال — حسن میں حسنِ باریکیٔ لم یزال
بحرِ انوار میں عکسِ خطِ ہلال — چشمۂ مہر میں موجِ نورِ جلال
اس رگِ ہاشمیّت پہ لاکھوں سلام

جس کے چہرے پہ جلوؤں کا پہرہ رہا — نجم و طٰہٰ کی جھرمٹ میں چہرا رہا
حسن جس کا ہر اک چھب میں گہرا رہا — جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

لامکاں کی جبیں بہرِ سجدہ جھکی — رفعتِ منزلِ عرشِ اعلےٰ جھکی
عظمتِ قبلۂ دین و دنیا جھکی — جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جھکی
ان بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

وہ حسیں چشمِ مازاغ و احسن مژہ — کوکبِ صبح پر شب کا دامن مژہ
لطف کے در پہ بخشش کی چلمن مژہ — ان کی آنکھوں پہ وہ سایہ افگن مژہ
ظلّۂ قصرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

رحمت ابرِ باراں پہ برسے درود — ماحیِ فردِ عصیاں پہ برسے درود
شبنمِ لطف و احساں پہ برسے درود — اشکباریٔ مژگاں پہ برسے درود
سلکِ درِّ شفاعت پہ لاکھوں سلام

وہ حسیں پھول گلزارِ مازاغ کا — حسنِ قوسین کی روح جس کی ضیا
چشمِ تابندۂ دیدِ عینِ خدا — معنیٔ قدرائی مقصدِ ما طغیٰ
نرگسِ باغِ قدرت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

پڑ گئی جس پہ محشر میں بخشا گیا — دیکھا جس سمت ابرِ کرم چھا گیا
رُخ جدھر ہو گیا۔ زندگی پا گیا — جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آ گیا

اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

اوجِ تابِ نگاہِ رسا پر درود — بے جھجک دیدِ عینِ خدا پر درود
معنیِ آیۂ مَا طغیٰ پر درود — نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود

اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام

شمعِ خورشید ضو دیکھ کر جھلملائے — نجمہ طورِ سینیں کی نظر جھلملائے
مشعلِ حسن روئے سحر جھلملائے — جن کے آگے چراغِ قمر جھلملائے

ان عذاروں کی طلعت پہ لاکھوں سلام

صورتِ ذاتِ وحدت پہ بے حد درود — صاف پاکیزہ طلعت پہ بے حد درود
تابِ رخسارِ حضرت پہ بے حد درود — ان کے خد کی سہولت پہ بے حد درود

ان کے قد کی رشاقت پہ لاکھوں سلام

جس کے جلوے زمانے میں چھانے لگے — جس کی ضو سے اندھیرے ٹھکانے لگے
جس سے ظلمت کدے نور پانے لگے — جس سے تاریک دل جگمگانے لگے

اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

نذر کرتی ہے صبحِ بہاراں درود — پھول سے رُخ پہ ہر دم گل افشاں درود
مہ لقا حسنِ ذیشاں پہ قرباں درود — چاند سے منہ پہ تاباں درخشاں درود

نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام

مصحفِ نور پر آبِ زر کا ورق　　یا کفِ حور پر موتیوں کا طبق
مُنہ آئینہ میں ہے قدرتی کی رمق　　شبنمِ باغِ حق۔ یعنی رُخ کا عرق
اس کی سچی براقت پہ لاکھوں سلام

مہ کو گھیرے ہوئے ہے سنہری کرن　　یا لب جو ہے خورشید پر تو فگن
موجِ دریا رواں ہے کنارِ چمن　　خط کی گرد دہن وہ دل آرا پھبن
سبزۂ نہرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

کیوں نہ ملّت کا ہر زخم ہو مندمل　　کیوں نہ پائے سکوں خاطرِ مضمحل
ہر جراحت بنی صحتِ مستقل　　ریش خوش معتدل مرہمِ ریش دل
ہالۂ ماہِ ندرت پہ لاکھوں سلام

موجِ حسنِ تبسم میں گل باریاں　　اور گل باریوں میں لطافت کی شاں
جن میں قدرت کی باریکیاں ہیں نہاں　　پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں
ان لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

جس کے عالی مقالات وحیٔ خدا　　جس کے غیبی اشارات وحیِ خدا
جس کے الفاظ آیات وحیٔ خدا　　وہ دہن جس کی ہر بات وحیِ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

جس سے ہیں زندگی یاب جان و جناں　　پاتے ہیں رونق تابِ جان و جناں
فیض سے جس کے سیراب جان و جناں　　جس کے پانی سے شاداب جان و جناں
اس دہن کی تراوت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

قلزمِ معرفت، نہرِ عرفاں بنے — بحرِ توحید - دریائے ایماں بنے
عینِ سرچشمۂ آبِ حیواں بنے — جس سے کھاری کنوئیں شیرۂ جاں بنے

اس زلالِ حلاوت پہ لاکھوں سلام

رحمتِ حق کی ہونے لگیں بارشیں[1] — دین و دنیا کی لٹنے لگیں دولتیں
کھول دیں جس نے اللہ کی حکمتیں — وہ زباں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں

اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

اس تکلّم کی لذّت پہ بے حد درود — صاف شستہ عبارت پہ بے حد درود
حسنِ طرزِ خطابت پہ بے حد درود — اس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود

اس کی دلکش بلاغت پہ لاکھوں سلام

اوجِ شانِ فصاحت پہ لاکھوں درود — جانِ حسنِ بلاغت پہ لاکھوں درود
گفتگو کی حلاوت پہ لاکھوں درود — اس کی باتوں کی لذّت پہ لاکھوں درود

اس کے خطبہ کی ہیبت پہ لاکھوں سلام

جس کے تابع ہیں مقبولیت کے اصول — منحصر جس پہ ہے رحمتوں کا نزول
وہ دُعا جس پہ صدقے درد دونکے پھول — وہ دعا جس کا جوبن بہارِ قبول

اس نسیمِ اجابت پہ لاکھوں سلام

---

[1] اس بندکے قوافی میں ایطائے جلی ہے لیکن موجودہ دور کی شاعری رفتہ رفتہ ان معمولی بندشوں سے آزاد ہوتی جارہی ہے۔ شعر گوئی کے وقت اگر طبیعت میں روانی ہو اور مضامین کی بہتات تو میں شاعری کے ان قواعد کو قصداً نظر انداز کر دیتا ہوں۔ (اختر الحامدی)

Marfat.com

جن کی ضو سے ملے راستے دُور کے
دن پھرے بخت شبہائے مہجور کے
جن سے برسیں گہر حُسنِ مستور کے
جن کے گچھّے سے لچھّے جھڑیں نور کے

ان ستاروں کی نزہت پہ لاکھوں سلام

مضطرب غم سے ہوتے ہوئے ہنس پڑیں
رنج سے جان کھوتے ہوئے ہنس پڑیں
بخت جاگ اُٹھیں سوتے ہوئے ہنس پڑیں
جس کی تسکین سے روتے ہوئے ہنس پڑیں

اس تبسّم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس میں ہوں ندیاں سیم و زر کی رواں
جس میں موجیں ہوں آبِ گہر کی رواں
جس میں لہریں ہوں حسنِ قمر کی رواں
جس میں نہریں ہوں شیر و شکر کی رواں

اس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام

جھک گیا جن کے آگے نشانِ شرف
آستاں بوس جن کا جہانِ شرف
صدقے جن کے شرف پر ہے جانِ شرف
دوش بر دوش ہے جن سے شانِ شرف

ایسے شانوں کی شوکت پہ لاکھوں سلام

شمع روشن ہے قرآن کے متصل
دیکھ کر جن کو ہیں چاند سورج خجل
ہے عذارِ رسالت پہ تابندہ تل[۱]
حجرِ اسودِ کعبہ جان و دل

یعنی مہرِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

---

[۱] یہاں رسالت سے مراد "درجہ رسالت و نبوت" ہے یعنی مہر نبوّت نے مجسم رسالت و نبوّت کو خوبصورت بنا دیا۔ (بلا تشبیہ) جس طرح کسی حسین و جمیل کے رخسار کا تل پورے حسین مجسمہ کو چمکا دیتا ہے۔ (اختر الحامدی)

جس پہ ہم سب کا بارِ خطا و قصور — خم نہ اصلاً کسی وقت مانندِ طور
ہے پس و پیش یکساں نظر مثلِ نور — روئے آئینۂ علم - پشتِ حضور
پشتیٔ قصرِ ملت پہ لاکھوں سلام

دین و دنیا دیئے مال اور زر دیا — حور و غلماں دیئے خلد و کوثر دیا
دامنِ مقصدِ زندگی بھر دیا — ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام

ڈوبا سورج کسی نے بھی پھیرا نہیں — کوئی مثلِ یداللہ دیکھا نہیں
جس کی طاقت کا کوئی ٹھکانہ نہیں — جس کو بارِ دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

نشانِ اسلام ہے آج جن سے فزوں — جن کو ہستی کی بنیاد محکم کہوں
قصرِ ملت کو ہے جن کے دم سے سکوں — کعبۂ دین و ایماں کے دونوں ستوں
ساعدینِ رسالت پہ لاکھوں سلام

جس کی لہروں میں روحِ سرورِ کرم — جس کی باریکیوں میں ظہورِ کرم
نشاخِ دریائے آبِ طہورِ کرم — جس کے ہر خط میں ہے موجِ نورِ کرم
اس کفِ بحرِ ہمت پہ لاکھوں سلام

قلزمِ حسن کی جن کو شاخیں کہیں — جن سے سوتے لطافت کے پھوٹا کریں
جن سے نہریں تجلّی کی جاری رہیں — نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

عاصیوں کی بھلائی کے چمکے ہلال
قیدِ غم سے رہائی کے چمکے ہلال
جلوۂ مصطفائی کے چمکے ہلال
عیدِ مشکل کشائی کے چمکے ہلال
ناخنوں کی بشارت پہ لاکھوں سلام

وہ جو حمد و ثنا کا ہے مطلع درود
ہے جو نعت و مناقب کا مقطع درود
وہ جو پڑھتے تھے اصحابِ اربع درود
رفع ذکرِ جلالت پہ ارفع درود
شرحِ صدرِ صدارت پہ لاکھوں سلام

عقل حیراں ہے ادراک کو ہے جنوں
کیف ہے سر بہ سجدہ خرد سرنگوں
کون پہنچا ہے تاحدِ ستر دروں
دل سمجھ سے ورا ہے مگر یوں کہوں
غنچۂ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام

آسماں ملک اور جَو کی روٹی غذا
لامکاں ملک اور جَو کی روٹی غذا
کُن فکاں ملک اور جَو کی روٹی غذا
کل جہاں ملک اور جَو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

بے بسوں کی قیادت[1] پہ کھنچ کر بندھی
بیکسوں کی رفاقت پہ کھنچ کر بندھی
عاصیوں کی اعانت پہ کھنچ کر بندھی
جو کہ عزمِ شفاعت پہ کھنچ کر بندھی
اس کمر کی حمایت پہ لاکھوں سلام

---

[1] قَالَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا قَائِدُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا
(مشکوٰۃ شریف ص ۵۱۳)

Marfat.com

اوجِ وہ زانوؤں کا ہے نزدیک و دور — یہ جہاں کیا دو زانو ہے دنیائے نور
یہ ملک یہ فرشتے یہ غلماں یہ حور — انبیا دستہ کریں زانو ان کے حضور

زانوؤں کی وجاہت پہ لاکھوں سلام

اوّلیں خشت بنیادِ قصرِ امم — پایۂ کائنات وجود و عدم
تکیۂ افتخارِ ستونِ حرم — ساقِ اصلِ قدم شاخِ نخلِ کرم

شمع راہِ اصابت پہ لاکھوں سلام

کعبۂ دین و دل یعنی نقشِ قدم — جن کی عظمت نہیں عرشِ اعظم سے کم
ہر بلندی کا سر ہو گیا جس پہ خم — کھائی قرآں نے خاکِ گذر کی قسم

اس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

جب ہوا ضوفگن دین و دنیا کا چاند — آیا خلوت سے جلوت میں اسرا کا چاند
نکلا جس وقت مسعود بطحا کا چاند — جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند

اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

افتخارِ دو عالم ہے ان کا وجود — وہ سراپا کرم ہیں بر ربّ ودود
ان پہ ہو تا ابد رحمتوں کا ورود — پہلے سجدے پہ روزِ ازل سے درود

یادگاریٔ امّت پہ لاکھوں سلام

ہو گئے دفعۃً خشک جنگل ہرے — پھول اجڑے ہوئے گلستاں میں کھلے
نہرِ رحمت کے اللہ رے معجزے — زرع شاداب و ہر ضرع پرشیر سے

برکاتِ رضاعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

مثلِ مادر حلیمہ پہ احساں کریں
ان کی بخشش کا طفلی میں ساماں کریں
پاسِ حقِ رضاعت کا ہر آں کریں
بھائیوں کے لئے ترکِ پستاں کریں

دودھ پیتوں کی نصفت پہ لاکھوں سلام

اُمِّ فخرِ نبوّت پہ صدہا درود
بختِ خاتونِ جنّت پہ صدہا درود
اوجِ آغوشِ شفقت پہ صدہا درود
عہدِ والا کی قسمت پہ صدہا درود

برجِ ماہِ رسالت پہ لاکھوں سلام

دلکش و دلربا پیاری پیاری پھبن
خود پھبن نے بھی دیکھی نہ ایسی پھبن
جس پہ قربان اچھی سے اچھی پھبن
اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن

اس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

کیفِ خوشبوئے ایمان فزا پر درود
مشک افشاں معطّر ہوا پہ درود
بند کلیوں کی شرم و حیا پر درود
اٹھتے بوٹوں کی نشوو نما پہ درود

کھلتے غنچوں کی نکہت پہ لاکھوں سلام

مولدِ ذاتِ یکتا پہ یکتا درود
آمدِ شاہِ والا پہ اعلےٰ درود
تا قیامت شب و روز صدہا درود
نضلِ پیدائشی پر ہمیشہ درود

کھیلنے سے کراہت پہ لاکھوں سلام

اوجِ ظرفِ طبیعت پہ عالی درود
رفعتِ شانِ فطرت پہ عالی درود
انتہائے سعادت پہ عالی درود
اعتلائے جبلّت پہ عالی درود

اعتدالِ طویّت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

ناز ندرت نما پر ہزاروں درود — حسنِ زلفِ دوتا پر ہزاروں درود
بے لگاوٹ حیا پر ہزاروں درود — بے بناوٹ ادا پر ہزاروں درود
بے تکلف ملاحت پہ لاکھوں سلام

گیسوؤں پر معنبر مہکتی درود — رُخ پہ صدقے منوّر مہکتی درود
نازکی پر چھپا ور مہکتی درود — بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

طرزِ گفتارِ حضرت پہ شیریں درود — شہد آمیز لذت پہ شیریں درود
ساغرِ شیر و شربت پہ شیریں درود — میٹھی میٹھی عبارت پہ شیریں درود
اچھی اچھی اشارت پہ لاکھوں سلام

فطرتِ بے خلش پہ کروڑوں درود — ظرفِ عالی منش پہ کروڑوں درود
جاذبِ دل کشش پہ کروڑوں درود — سیدھی سادی روش پہ کروڑوں درود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام

اک ادا ہے خدا بھاتی اطوار ہیں — شانِ محبوبیت کی ہے کردار ہیں
دشت میں یادِ حق سے کبھی غار میں — روزِ گرم و شب تیرہ و تار ہیں
کوہ و صحرا کی خلوت پہ لاکھوں سلام

جس کے زیرِ نگیں ہیں سماک و سمک — جس کے حلقے میں ہیں چاند سورج فلک
جس کا سکہ رواں فرش سے عرش تک — جس کے گھیرے میں ہیں انبیا و ملک
اس جہانگیر بعثت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

شرم سے آنکھ تارے جھپکنے لگے
منہ مہ و مہر حیرت سے تکنے لگے
ذرّے خورشید بن کر چمکنے لگے
اندھے شیشے جھلاجھل دمکنے لگے

جلوہ ریزیٔ دعوت پہ لاکھوں سلام

وقفِ حمد و ثنا لب پہ بے حد درود
ہر گھڑی ذاکرِ رب پہ بے حد درود
ان کے ہر طور ہر ڈھب پہ بیحد درود
لطفِ بیداریٔ شب پہ بے حد درود

عالمِ خواب راحت پہ لاکھوں سلام

جلوہ حسنِ قدرت پہ نوری درود
لمعۂ برقِ طلعت پہ نوری درود
مژدۂ شامِ راحت پہ نوری درود
خندۂ صبحِ عشرت پہ نوری درود

گریۂ ابرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

شانِ خلق و محبّت پہ دائم درود
عام بخشش کی عادت پہ دائم درود
بندہ پرور طبیعت پہ دائم درود
نرمیٔ خوئے لینت پہ دائم درود

گرمیٔ شانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

خودسروں کی تنی گردنیں جھک گئیں
سرکشوں کی اٹھی گردنیں جھک گئیں
تھیں جو اونچی وہی گردنیں جھک گئیں
جس کے آگے کھنچی گردنیں جھک گئیں

اس خداداد شوکت پہ لاکھوں سلام

فرقِ مطلوب و طالب کا دیکھے کوئی
قصۂ طور و معراج سمجھے کوئی
کوئی بیہوش جلوؤں میں گم ہے کوئی
کس کو دیکھا؟ یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی

آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

تھے صحابہ میں یوں آمنہ بی کے لال — جیسے تاروں کی جھرمٹ میں بدرِ کمال
حلقۂ نور میں نیّرِ لازوال — گردمہ۔ دستِ انجم میں رخشاں ہلال

بدر کی دفعِ ظلمت پہ لاکھوں سلام

ان کی ہیبت سے وہ کپکپاتی زمیں — ڈر سے پیہم پسینے بہاتی زمیں
گونج سے خوف شیروں کی کھاتی زمیں — شورِ تکبیر سے تھر تھراتی زمیں

جنبشِ جیشِ نصرت پہ لاکھوں سلام

بُرّشِ تیغ بُرّاں سے بن گونجتے — شورشِ شیرِ یزداں سے بن گونجتے
دورِ تکبیرِ مرداں سے بن گونجتے — نعرہائے دلیراں سے بن گونجتے

غرّشِ کوسِ جرأت پہ لاکھوں سلام

کس قدر ہے حسیں بدر کا معرکہ — اوّلیں باب تاریخ اسلام کا
لب پہ نصرت کے نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہ تھا — وہ چقا چاق خنجر سے آتی صدا

مصطفٰے تیری صولت پہ لاکھوں سلام

فوجِ اعدا میں گھس کر سناں بازیاں — دُور ہی سے کبھی تیر اندازیاں
پرچمِ افتخارِ صفِ غازیاں — ان کے آگے وہ حمزہ کی جانبازیاں

شیرِ غرّانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

ان کے پاکیزہ گیسو پہ لاکھوں درود — ان کی عنبر فشاں بُو پہ لاکھوں درود
ان کے آئینہ رو پہ لاکھوں درود — الغرض ان کے ہر مُو پہ لاکھوں درود

ان کی ہر خو و خصلت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

ان کے اطوار و عادت پہ نامی درود
ان کی خلوت پہ جلوت پہ نامی درود
ان کے ہر دور و ساعت پہ نامی درود
ان کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود
ان کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

ذاتِ یکتا کے ان پر کروڑوں درود
رب کعبہ کے ان پر کروڑوں درود
حق تعالیٰ کے ان پر کروڑوں درود
ان کے مولا کے ان پر کروڑوں درود
ان کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

اصل بارغ سلف غنچہائے قدس
روح عطر شرف، غنچہائے قدس
ہشت جنّت بکف غنچہائے قدس
پارہائے صحف غنچہائے قدس
اہلِ بیت نبوّت پہ لاکھوں سلام

جس میں پاکیزگی کے گل ایسے کھلے
جس سے عفّت کے گلشن معطر ہوئے
خلدِ تقدیس و عصمت مہک جس سے لے
آب تطہیر سے جس میں پودے جمے
اس ریاض نجابت پہ لاکھوں سلام

مظہرِ مصدرِ ذاتِ ربّ قدیر
جن کے دیکھے سے ہوتے ہیں روشن ضمیر
ماہِ توحید کے نجم ہائے منیر
خونِ خیر الرسل سے ہے جن کا خمیر
ان کی بے لوث طینت پہ لاکھوں سلام

راحتِ جانِ سلطانِ ہر دو سرا
نورِ چشمِ جنابِ حبیبِ خدا
عینِ لختِ دلِ سرورِ انبیاء
اُس بتولِ جگر پارۂ مصطفیٰ
حجلہ آرائے عفّت پہ لاکھوں سلام

58753

Marfat.com

وہ ردا جس کی تطہیر اللہ رے — آسماں کی نظر بھی نہ جس پر پڑے
جس کا دامن نہ سہواً ہوا چھو سکے — جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام

صادقہ، صالحہ، صائمہ، صابرہ — صاف دل نیک خو، پارسا، شاکرہ
عابدہ، زاہدہ، ساجدہ، ذاکرہ — سیدہ، زاہرہ، طیبہ، طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

گوہرِ فاطمہ، مرکزِ اتقیاء — پسرِ مرتضےٰ - مرجعِ اصفیاء
نورِ نورِ خدا، سرورِ اولیاء — حَسَنِ مجتبےٰ، سیدا لاسخیاء
راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام

ہو گئے اغنیاء جس کے در سے گدا — بھیک لیں جن سے شام و سحر اسخیاء
برجِ ماہِ کرم درجِ دُرِّ عطاء — اوجِ مہرِ ہدیٰ موجِ بحرِ ندیٰ
روحِ روحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام

گفتگو میں ہے طرزِ بیانِ نبی — بن گئی ہے زباں ترجمانِ نبی
فیضیاب زُلالِ دہانِ نبی — شہد خوارِ لعابِ زبانِ نبی
چاشنی گیرِ عصمت پہ لاکھوں سلام

تاجورِ صبر کا شاہِ گلگوں قبا — کشتۂ ہر جفا شاہِ گلگوں قبا
وہ قتیلِ رضا شاہِ گلگوں قبا — اس شہیدِ بلا شاہِ گلگوں قبا
بیکسِ دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

خاص لعل صدف مہرِ برجِ شرف
ماہِ اوجِ سلف مہرِ برجِ شرف
شانِ حیدر بکف مہرِ برجِ شرف
دُرِّ درجِ نجف مہرِ برجِ شرف
رنگ رومی شہادت پہ لاکھوں سلام

آگیا فرش پر آسمانِ شفیق
مرکزِ ہاشمی خاندانِ شفیق
مشفقِ مشفقاں مامنانِ شفیق
اہلِ اسلام کی مادرانِ شفیق
بانوانِ طہارت پہ لاکھوں سلام

ظلمت شانِ بیت الشرف پر درود
اوجِ ایوانِ بیت الشرف پر درود
نور بارانِ بیت الشرف پر درود
جلوہ گیّانِ بیت الشرف پر درود
پردگیّانِ عفّت پہ لاکھوں سلام

وہ انیسِ غم مونسِ بیکساں
وہ سکونِ دل مالکِ انس و جاں
وہ شریکِ حیاتِ شہِ لامکاں
سیّما پہلی ماں کہفِ امن و اماں
حق گذارِ رفاقت پہ لاکھوں سلام

فرش پر تھی مگر عرش منزل ہوئی
یعنی جلوہ گہِ حسن کامل ہوئی
عرش والے کے جلوؤں کی حامل ہوئی
عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی
اس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام

رات دن ہیں جہاں سر بسجدہ ادب
رفعتیں جس کو ہر آن دیتا ہے رب
خاص جلوہ گہِ تاجدارِ عرب
مَنْزِلٌ مِّنْ قَصَبْ لَا نَصَبْ لَا صَخَبْ
ایسے کوشک کی زینت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

شمعِ تابانِ عرش آستانِ نبی　　غمگسارِ نبی طبع دانِ نبی

راحتِ قلب و روحِ روانِ نبی　　بنتِ صدیق آرامِ جانِ نبی

اس حریمِ برأت پہ لاکھوں سلام

عظمتِ حسنِ معمور جن کی گواہ　　عفتِ ذاتِ مستور جن کی گواہ

شانِ رب چشمِ بد دُور جن کی گواہ　　یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ

ان کی پر نور صورت پہ لاکھوں سلام

جن سے اپنی نگاہیں ہوائیں حیا ئیں　　دیکھنے کا تصور بھی دل میں نہ لائیں

جن کے پردے کا پرتو فرشتے نہ پائیں　　جن میں روح القدس بے اجازت نہ جائیں

ان سرادق کی عصمت میں لاکھوں سلام

ساقیٔ بزمِ میخانۂ اجتہاد　　روحِ صہبائے پیمانۂ اجتہاد

شانِ دربارِ شاہانہ اجتہاد　　شمعِ تابانِ کاشانۂ اجتہاد

مفتیٔ چار ملت پہ لاکھوں سلام

کل شہیدانِ بدر و اُحد پہ درود　　سب فدایانِ بدر و اُحد پہ درود

جیشِ مردانِ بدر و اُحد پر درود　　جاں نثارانِ بدر و اُحد پہ درود

حق گذارانِ بیعت پہ لاکھوں سلام

رفعت و افضلیت کا مژدہ ملا　　خاص عزت و وجاہت کا مژدہ ملا

رحمتِ کل سے رحمت کا مژدہ ملا　　وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا

اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

خلق سے جن کا افضل ہوا مرتبہ
جن کو اُمّت کا تختِ وزارت ملا
اوّلیں نائبِ سرورِ دوسری
خاص اس سابقِ سیرِ قربِ خدا
اوحدِ کاملیّت پہ لاکھوں سلام

ذاتِ والا کے ہمسایۂ اصطفا
شرحِ پاکیزۂ آیۂ اصطفا
رکنِ تختِ نبی پایۂ اصطفا
سایۂ مصطفےٰ مایۂ اصطفا
عزّ و نازِ خلافت پہ لاکھوں سلام

جلوۂ مشعلِ تابناکِ سُبل
بوستانِ نبی کا مہکبارِ گل
بعدِ محبوبِ حق، شاہِ مخلوقِ کل
یعنی اس افضل الخلق بعد الرُّسل
ثانیُ اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام

قصرِ پاکِ خلافت کے رکنِ رکیں
شاہِ قوسین کے نائبِ اولیں
یارِ غارِ شہنشاہِ دُنیا و دیں
اَصْدَقُ الصّادقیں سیّدُ المتقیں
چشم و گوشِ وزارت پہ لاکھوں سلام

وہ عمر وہ حبیبِ شہِ بحر و بر
وہ عمر خاصۂ ہاشمی تاجور
وہ عمر کھل گئے جس پہ رحمت کے در
وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

شمعِ ہر راہِ مشکل امام الہدیٰ
نجمِ گم کردہ منزل امام الہدیٰ
رہبرِ دینِ کامل امام الہدیٰ
فارقِ حق و باطل امام الہدیٰ
تیغِ مسلولِ شدت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

ہے گہر بار و دُر بار کانِ نبی　　پھول برسا رہا ہے دہانِ نبی ۱؎
ہو بہو شانِ حسنِ بیانِ نبی　　ترجمانِ نبی ہمزبانِ نبی
جانِ شانِ عدالت پہ لاکھوں سلام

عاشقِ یوسفِ ہاشمی پر درود　　وقفِ بابِ معَ اللہ لی پر درود
ساجدِ بارگاہِ نبی پر درود　　زاہدِ مسجدِ احمدی پر درود
دولتِ جیشِ عسرت پہ لاکھوں سلام

وہ غنی کیوں نہ تقدیر کا ہو دھنی　　جس نے پائے ہوں دو لعلِ کانِ نبی
شرحِ نورٌ علیٰ نور ہے زندگی　　دُرِ منثورِ قرآں کی سلک بہی
زوجِ دو نورِ عفت پہ لاکھوں سلام

گنجِ لطف و کرم ابرِ جود و عطا　　خاتمِ دولتِ شاہِ ارض و سما
سرورِ اسخیا سیدالاغنیا　　یعنی عثمان صاحب قمیصِ ہدیٰ
حُلّہ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام

سرورِ اولیائے زمان و زمیں　　مرکزِ معرفت اصلِ علم الیقیں
بابِ علمِ شہنشاہِ دُنیا و دیں　　مرتضیٰ شیرِ حق اشجع الاشجعیں
ساقیٔ شیر و شربت پہ لاکھوں سلام

---

۱؎ اس مصرعہ میں حضور عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شانِ خطابت بیان کی جا رہی ہے۔ یعنی سرکار فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا حسنِ بیان ہو بہو ترجمانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہوتا تھا جیسے دہانِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھولوں کی بارش ہو رہی ہے۔　(اختر الحامدی)

Marfat.com

شمعِ راہِ ہدا وجہِ وصلِ خدا
ذاتِ مشکل کشا وجہِ وصلِ خدا
حیدری سلسلہ وجہِ وصلِ خدا
اصل نسلِ صفا وجہِ وصلِ خدا
بابِ فصلِ ولایت پہ لاکھوں سلام

نورِ رب قامعِ اہلِ رفض و خروج
طاعن و مانعِ اہلِ رفض و خروج
ماحیٔ دقاطع اہلِ رفض و خروج
اوّلین دافعِ اہلِ رفض و خروج
چارمِ رکن ملّت پہ لاکھوں سلام

افسرِ لشکرِ فاتحانِ زمن
تیغِ انّا فتحنا ہے جوہر فگن
بازوئے مصطفیٰ پنجۂ پنجتن
شیرِ شمشیر زن شاہِ خیبر شکن
پرتوِ دست قدرت پہ لاکھوں سلام

آفتاب ولایت کا پایا عروج
جس سے روشن ہوئے معرفت کے بروج
یعنی درجِ نجف اصلِ جملہ دروج
ماحیِ رفض و تفضیل و نصب و خروج
حامیِ دین و سنت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ کی خوشی صرف جن کی طلب
ہے خدا کی رضا زندگی کا سبب
شاملِ حلقۂ دینِ محبوبِ رب
مومنین پیشِ فتح و پسِ فتح سب
اہلِ خیر و عدالت پہ لاکھوں سلام

اس نظر کا مقدر ہے کس اوج پر
اس کی تقدیر ہے کس قدر بخت ور
اس نظر پر فدا تابِ چشمِ سحر
جس مسلماں نے دیکھا انھیں اک نظر
اس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جن کا کوثر ہے جنت ہے اللہ کی　　جن کے خادم پہ شفقت ہے اللہ کی
دوست پر جن کے رحمت ہے اللہ کی　　جن کے دشمن پہ لعنت ہے اللہ کی
ان سب اہل محبت پہ لاکھوں سلام

عارفِ کاملانِ شراب طہور　　ہے نظر جن کی جانِ شراب طہور
ساقیٔ عارفانِ شراب طہور　　باقیٔ ساقیانِ شراب طہور
زینِ اہل عبادت پہ لاکھوں سلام

جتنے تارے ہیں اُس چرخِ ذی جاہ کے　　جس قدر ماہ پارے ہیں اس ماہ کے
جانشیں جو ہیں مردِ حق آگاہ کے　　اور جتنے ہیں شہزادے اس شاہ کے
ان سب اہل مکانت پہ لاکھوں سلام

ان کی ہر افضلیت پہ اعلیٰ درود　　ان کی شان وجاہت پہ اعلیٰ درود
ان کی پاکیزہ نسبت پہ اعلیٰ درود　　ان کی بالا شرافت پہ اعلیٰ درود
ان کی والا سیادت پہ لاکھوں سلام

انجمہائے درخشانِ حسنِ لطیف　　جن سے روشن ہوئے سینہائے کثیف
چار ارکانِ ایوانِ شرعِ شریف　　شافعی، مالک، احمد، امام حنیف
چار باغ امامت پہ لاکھوں سلام

تاجدارانِ ملت پہ کامل درود　　پیشوایانِ امت پہ کامل درود
راہبرانِ حقیقت پہ کامل درود　　کاملانِ طریقت پہ کامل درود
حاملانِ شریعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

حق کے محرم امام التقیؔ والنقےا　　ذاتِ اکرم امام التقیٰ والنقےٰ
قطب عالم امام التقیؔ والنقےا　　غوث اعظم امام التقیٰ والنقےا

جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

لعلِ درجِ علی گنجِ دُرِّ مراد　　مشعلِ معرفت کعبۂ اعتقاد
قبلۂ اہلِ دل جانِ اہلِ عباد　　قطبِ ابدال و ارشاد و رشد الرشاد

محی دین و ملّت پہ لاکھوں سلام

بحرِ علم شریعت پہ بے حد درود　　میرِ بزمِ فضیلت پہ بے حد درود
خضرِ راہِ ہدایت پہ بے حد درود　　مرد خیلِ طریقت پہ بے حد درود

فردِ اہلِ حقیقت پہ لاکھوں سلام

ایسی برتر ہوئی گردنِ اولیاء　　اوج مہ پہ ہوئی گردنِ اولیاء
عرش بر سر ہوئی گردنِ اولیاء　　جس کی منبر ہوئی گردنِ اولیاء

اس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

شرحِ پرنور آیاتِ پیشینیاں　　مظہرِ خاص حالاتِ پیشینیاں
جو کہ ہیں بیکرِ ذاتِ پیشینیاں　　شاہِ برکات و برکاتِ پیشینیاں

نو بہارِ طریقت پہ لاکھوں سلام

مظہرِ جدِّ امجد امام الرشد　　خاص فرزند ارشد امام الرشد
سعد و مسعود و اسعد امام الرشد　　سیّد آلِ محمد امام الرشد

گلِ روضِ ریاضت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جس کی سرکار ہے بارگاہِ قبول　　جس کے دربار میں اولیاء ہیں شمول
جس پہ ہے رحمتِ مصطفیٰ کا نزول　　حضرت حمزا شیرِ خدا و رسول
زینتِ قادریت پہ لاکھوں سلام

رفعت و شوکت و شان و اوج و کمال　　عظمت و ہیبت و عز و جاہ و جلال
تابش و طلعت و نور و حسن و جمال　　نام و کام و تن و جان و حال و مقال
سب میں اچھے کی صورت پہ لاکھوں سلام

غنچۂ باغِ جود و نوالِ رسول　　پرتوِ شمعِ جاہ و جلالِ رسول
جلوۂ طورِ حسن و جمالِ رسول　　نورِ جانِ عطرِ مجموعۂ آلِ رسول
میرے آقائے نعمت پہ لاکھوں سلام

بھیک لیتے ہیں جس در سے اہلِ مراد　　خم جہاں اصفیاء کا سرِ اعتقاد
مرکزِ مظہرِ نورِ قُل یٰعِبَاد　　زیبِ سجادہ سجادِ نوری نہاد
احمدِ نور طینت پہ لاکھوں سلام

اے خدایا کرم بار تیری جناب　　از طفیلِ جنابِ رسالت مآب
وہ کہ جن کا ہے یٰسین و طٰہٰ خطاب　　بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تا ابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام

میں بھی ہوں اک گدائے درِ اولیاء　　میں بھی ہوں اک سگ کوئے نوشا نوری
میں بھی ہوں ذرۂ کوچۂ مصطفیٰ　　تیرے ان دوستوں کے طفیل اے خدا
بندۂ ننگِ خلقت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

تیری رحمت رہے ان پہ پرتو فگن
ان پہ ہو سایۂ لطفِ شاہ زمن
دیرِ تنک یہ درخشاں رہے انجمن
میرے اُستاد، ماں باپ، بھائی بہن

اہلِ ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام

ابر جود و عطا کس پہ؟ برسا نہیں
تیرا لطف و کرم کس پہ؟ دیکھا نہیں
کس جگہ اور کہاں؟ تیرا قبضہ نہیں
ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں

شاہ کی ساری اُمت پہ لاکھوں سلام

آفتابِ قیامت کے بدلے ہوں طور
جبکہ ہو ہر طرف نفسی نفسی کا دور
جب کسی کو نہ ہو فرصتِ فکر و غور
کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور

بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مرشدی شاہ احمد رضا خاں رضا
فیضیاب کمالات حساں رضا
ساتھ اختر بھی ہو زمزمہ خواں رضا
جبکہ خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

---

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ سَيِّدِنَا وَسَنَدِنَا وَحَبِيْبِنَا وَشَفِيْعِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَابْنِهِ الْغَوْثِ الْاَعْظَمِ وَشَهِيْدِ مَحَبَّتِهٖ الْاِمَامِ الْاَكْرَمِ وَارِثِ عُلُوْمِهٖ وَسَالِكِ الطَّرِيْقَتِهٖ مَوْلَانَا وَمَاوٰنَا اَحْمَدَ رَضَا الْبَرِيْلَوِيِّ وَعَلٰى جَمِيْعِ مُحِبِّيْهِ مِنْ اَهْلِ السُّنَّةِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝

---

(الحمد پرنٹنگ پریس لاہور)

Marfat.com

Marfat.com

روحانی راحتوں کا خزینہ

# روحانی حقائق

از مولانا ابو داؤد محمد صادق

۵ — ۰۰

مسئلہ ندا و حاضر ناظر کی تحقیق

# ندائے یا رسول اللہ

از تبرکات: مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱ — ۵۰

مسئلہ علم غیب و حاضر ناظر

# مسلک اہلسنت

از مولانا مفتی غلام فرید ہزاروی

۲ — ۲۵

# الدرر السنیہ

فی الرد علی الوہابیہ

تالیف عربی: سید احمد بن زینی دحلان

اردو ترجمہ: مولانا محمد حبیب الرحمن بدایونی

۳ — ۰۰

حق و صداقت کی نشانی

# شاہ احمد نورانی

سوانحی خاکہ و مجاہدانہ شان

۵ — ۲۵

صداقت اہل تحقیق

المعروف

# تحقیق اہلحدیث

غیر مقلدین کے فریب و فراڈ کی دلچسپ داستان

۵ — ۲۵

ملنے کا پتہ: مکتبہ رضائے مصطفےٰ۔ دار السلام۔ گوجرانوالہ


Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com